Urdu

# PDE-5 روکنے والوں کے ساتھ علاج

## علاج کے متعلق مختصراً

ذیابیطس کے شکار مردوں کو وقت کے ساتھ ساتھ عضو تناسل کھڑا ہونے اور سختی حاصل کرنے یا اسے برقرار رکھنے میں تا کہ جماع کیا جا سکے اس میں دشواری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس کی وجوہات مختلف ہو سکتی ہیں۔ لہذا PDE-5 روکنے والے ہمیشہ کار گر نہیں ہوتے ہیں۔

PDE-5 روکنے والے ایک دواء ہے جس کی وجہ سے ہموار پٹھوں کو آرام ملتا ہے۔ دوسری چیزوں کے علاوہ، یہ عضو تناسل کے پھولنے والے اعضاء کو خون کی فراہمی بڑھاتی ہے۔

PDE-5 روکنے والے جنسی خواہش پر کار آمد نہیں ہوتےہیں، لیکن عضو تناسل کے قدرتی کھڑا ہونے کی امداد کرتے اور بہتر بناتے ہیں۔ انزال/ جنسی تسکین کے بعد تناؤ اور سختی ختم ہو جا تی ہے اور عضو تناسل ڈھیلا ہو جاتا ہے۔

## عضو تناسل کھڑا ہونےکے مسائل اور ذیابیطس

عضو تناسل کھڑا ہونے کے مسائل کو 'erektil dysfunktion' یا 'ED' بھی کہا جاتا ہے۔ زیادہ تر مردوں کو ان کی عمر بڑھنے کے ساتھ یہ تجربہ ہوتا ہےکہ عضو تناسل کھڑا کرنا یا اس کی سختی برقرار رکھنا زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ جبکہ جوانی میں وہ ایسا کر سکتے تھے۔

جب مردوں کو اپنی ذیابیطس کے نتیجے میں ED کا تجربہ ہوتا ہے، تو کچھ کے ساتھ (خاص طور پر ٹائپ 1 ذیابیطس والے مرد) نسبتاً کم عمری میں ایسا ہوتا ہے۔ کیونکہ عضو تناسل کو خون کی چھوٹی رگیں اور اعصاب خون میں شوگر اونچی ہونے کی وجہ سے متاثر ہوتی ہیں۔ لیکن ذیابیطس والے بوڑھے مردوں کو بھی اپنی ذیابیطس کے نتیجے میں ED کا تجربہ ہو سکتا ہے۔

ذیابیطس کے نتیجہ میں پیش آنے والی خالصتاً عضویاتی رکاٹوں کے علاوہ ذہنی دباؤ، فکر مندیاں ، عمر جنسی خواہش میں کمی یا اس کا نہ ہونا جیسے عوامل اور تبدیل شدہ جسمانی تصور، ازدواجی تعلقات میں مسائل بھی عضو تناسل کو کھڑا کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی صلاحیت پر اثر ڈال سکتے ہیں۔

## مختلف نام اور اثر

PDE-5 روکنے والے مختلف ناموں اور مختلف اجزاء کے ساتھ دستیاب ہیں۔ وہ ایک طرح سے کام کرتے ہیں، لیکن اثر اور ذیلی اثرات ایک فرد سے دوسرے میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ اگر اس گولی سے کوئی متوقع اثر نہیں ہوتا ہے تو، دوسرا PDE-5 روکنے والا آزمایا جا سکتا ہے۔

September, 2023

| تجارتی نام | ترکیبی اجزاء | خوراک | اثر کی مدت |
|---|---|---|---|
| Viagra | Sildenafil | 25، 50 یا 100 ملی گرام | 4 تا 5 گھنٹے |
| Cialis | Tadalafil | 5، 10 یا 20 ملی گرام | 36 گھنٹوں تک |
| Spedra | Avanafil | 50، 100 تا 200 ملی گرام | 17 گھنٹوں تک |
| Vardenafil | Levitra | 5، 10 یا 20 ملی گرام | 4 تا 5 گھنٹے |

## PDE-5 روکنے والے لینے کا طریقہ

- عضو تناسل کھڑا کرنے کے مطلوبہ وقت سے سے ½-1 گھنٹہ پہلے گولی لیں۔ Cialis کا اثر بڑھ سکتا ہے اگر اسے تقریباً 2 گھنٹے پہلے لیا جائے۔
- معالجہ کی کامیابی کے لئے جنسی محرک ہونا ضروری ہے۔
- اگر گولی کھانے کے سلسلے میں زیادہ اور خاص طور پر چربی والا کھانا کھایا جائے تو Viagra اور Vardenafil کا اثر کم ہوجاتا ہے۔
- گولی کے اثر میں وقتاً فوقتاً اتار چڑھاؤ ہو سکتا ہے، کیونکہ عضو تناسل کھڑا ہونے میں بہت سے حالات سے متاثر ہوتا ہے۔
- گولی کے اثر کو اس وقت تک رد نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ اسے کم از کم پانچ بار درست طریقے سے استعمال نہ کیا جائے۔
- اگر آپ نائٹریٹ سے تیار شدہ اشیاء جیسے کہ نائٹروگلسرین استعمال کرتے ہیں تو PDE-5 روکنے والوں کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

## ذیلی اثرات

اکثر ذیلی اثرات میں سر درد، لالی اور چہرے پر گرمی کا احساس اور ناک میں تنگی شامل ہیں۔ یہ ضمنی اثرات، جو ہمیشہ عارضی ہوتے ہیں اور ان مختلف مرکبات کے لیے تقریباً ایک جیسے ہوتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730